# حصن الاطفال

بچوں کیلئے مختصر اور آسان دعاؤں کا مجموعہ

www.KitaboSunnt.com



تالیف: عبدالرحمن عزیز

دار المصنفین
DAR-UL-MUSANNIFEEN

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیه

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بچوں کے لیے مختصر اور آسان دعاؤں کا مجموعہ

# حصن الاطفال

مرتب

عبدالرحمٰن عزیز

دار المصنفین

لاھور پاکستان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالمصنفین
DAR-UL-MUSANNIFEEN
جدت اور تحقیق کا امین

2023ء

جملہ حقوق اشاعت برائے دارالمصنفین محفوظ ہیں

# حصن الاطفال

مرتب

**عبدالرحمٰن عزیز**

دارالمصنفین
پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز
G/F-3 بادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0308-4131740 0300-4262092
Facebook/Dar-ul-Musannifeen
darulmusannifeen@gmail.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# مقدمہ

ہمارے ہاں مارکیٹ میں اذکار اور دعاؤں کی بہت ساری کتابیں چل رہی ہیں، لیکن ان میں سے کوئی کتاب بھی چھوٹے بچوں کے لیے تیار نہیں کی گئی۔ ان میں بڑوں اور بچوں سب کے لیے مشترکہ دعائیں ہیں، ان میں ایسی دعائیں بھی ہیں جن کی بچوں کو آج ضرورت ہی نہیں ہے۔ اسی وجہ سے چھوٹے بچوں کو حصن المسلم سے چھانٹ چھانٹ کر دعائیں یاد کرانا پڑتی ہیں۔ یہ اساتذہ کے لیے بھی مشکل ہوتا ہے اور بچے کے لیے بھی۔

دارالمصنفین نے مذکورہ بالا ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے خاص چھوٹے بچوں کے لیے حصن الاطفال کے نام سے کتاب مرتب کی ہے، جس میں صحیح، مختصر، اور آسان ترین دعاؤں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

عبدالرحمٰن عزیز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حصولِ علم کی دعا

﴿رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴾ (طٰهٰ : 114)

"اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔"

## حافظے کی مضبوطی اور زبان کی لکنت کی دعا

﴿رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۙ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴾ (طٰهٰ : 25 تا 28)

"اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے۔ اور میری زبان کی کچھ گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھ لیں۔"

## سونے کے اذکار

① رات کو جب سونے کے لیے بستر پر آئیں تو سورۃ الاخلاص، سورۃ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر پھونک ماریں اور پورے جسم پر ہاتھ پھیریں۔

② اس کے بعد آیت الکرسی پڑھیں۔

③ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ اَمُوتُ وَاَحْيَا۔ (بخاری: 6324)

”اے اللہ! میں تیرے نام سے مرتا (سوتا) ہوں اور زندہ (بیدار) ہوں گا۔“

④ رسول اللہ ﷺ جب سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا دایاں ہاتھ رُخسار مبارک کے نیچے رکھتے اور تین مرتبہ یہ پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ (أبو داود: 5045)

”اے اللہ! جس دن تو اپنے بندوں کو اُٹھائے گا اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچانا۔“

## ڈراؤنا خواب آنے کی صورت میں

① اپنے بائیں طرف تین بار تھوکیں۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



② تین بار شیطان سے اور خواب میں نظر آنے والے بُرے منظر سے اللہ کی پناہ مانگیں۔

③ اپنا خواب مخلص شخص کے علاوہ کسی سے بھی بیان نہ کریں۔

④ کروٹ بدل کر سو جائیں۔

⑤ اگر ممکن ہو تو اُٹھ کر نماز پڑھے۔

## بیدار ہونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

(صحیح بخاری: 6312.)

"تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے موت (نیند) دینے کے بعد زندہ (بیدار) کیا اور اسی کی طرف اُٹھ کر جانا ہے۔"

## بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا

(بِسْمِ اللّٰهِ) (مصنف ابن أبی شیبة: 5)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

''(اللہ کے نام کے ساتھ) اے اللہ! میں ناپاک جن مردوں اور جن عورتوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔'' (صحیح البخاری: 142۔صحیح مسلم: 375)

## بیت الخلا سے نکلنے کی دعا

غُفْرَانَكَ۔ (سنن أبی داود: 30 - سنن الترمذی: 7)

''(اے اللہ!) میں تیری بخشش چاہتا ہوں۔''

## وضو سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ۔ (سنن أبی داود: 101)

''اللہ کے نام کے ساتھ۔''

## وضو کے بعد کی دعائیں

① اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ (صحیح مسلم: 234)

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا اور لاشریک ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔''

② اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔ (سنن الترمذی: 55)

''اے اللہ! مجھے خوب توبہ کرنے والوں اور اچھی طرح پاک رہنے والوں میں شامل کر دے۔''

③ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ (الکبری للنسائی: 9829)

''اے اللہ! تو نہایت پاک ہے اور تیری ہی تعریف ہے۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیری جناب میں توبہ کرتا ہوں۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

''اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، کسی برائی سے بچنے کی طاقت اور کسی بھلائی کے حصول کی قوت اللہ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں ہے۔'' (سنن أبی داود: 5095 - سنن الترمذی: 3426)

## گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔ (سنن أبی داود: 5096)

''اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے، اللہ کے نام کے ساتھ ہی نکلے اور اللہ پر ہی ہم نے توکل کیا، جو ہمارا پروردگار ہے۔''

یہ دعا پڑھنے کے بعد گھر والوں کو سلام کہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## مسجد میں داخل ہونے کی دعا

مسجد میں داخل ہوتے وقت اپنا دایاں پاؤں پہلے اندر رکھیں اور یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔ (صحیح مسلم : 1652)

اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

## مسجد سے نکلنے کی دعا

مسجد سے نکلتے وقت اپنا بایاں پاؤں پہلے باہر رکھیں اور یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔ (صحیح مسلم : 1652)

اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔ اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے محفوظ رکھ۔"

## اذان کے اذکار اور دعائیں

① مؤذن جب اذان کہہ رہا ہو تو سننے والے کو اس کا جواب ویسے ہی دینا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



چاہیے جیسے موذن بول رہا ہو، البتہ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں کہے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ "نہ نیکی کرنے کی طاقت اور نہ گناہ سے بچنے کی طاقت مگر اللہ کے ساتھ" (صحیح البخاری:613)

② موذن جب أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ اور أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللهِ کہے تو اس کے جواب میں یہ کلمات کہنے چاہئیں:

وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا۔ (صحیح مسلم: 386)

"اور میں بھی یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور بلاشبہ محمد (ﷺ) اس کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد (ﷺ) کے نبی ہونے پر راضی ہو گیا۔"

③ اذان کا جواب دینے کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود پڑھیں۔ (صحیح مسلم: 384)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## اذان کے بعد کی دُعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ (إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ).

(صحیح البخاری: 614، السنن الکبری للبیهقی: 1933)

"اے اللہ! اس کامل پکار اور قائم نماز کے رب! محمد (ﷺ) کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما، اور انہیں اس مقامِ محمود پر مبعوث فرما جس کا تو نے اس سے وعدہ کیا ہے۔ یقیناً تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔"

⑤ اذان اور اقامت کے درمیان والے وقت میں اپنے لیے دعائیں کرنی چاہئیں، کیونکہ یہ قبولیت کا وقت ہوتا ہے، اس وقت دُعا رد نہیں ہوتی۔ (سنن أبی داود: 521)

## ابتدائے نماز کی دعائیں

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ (أبو داود: 775۔ ترمذی: 242)

''اے اللہ! تو نہایت پاک ہے، اپنی تعریف کے ساتھ، تیرا نام برکت والا ہے، تیری شان بڑی بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔''

## سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٦

''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔ وہ بڑا ہی مہربان، نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ روزِ جزا (یعنی قیامت کے دن) کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے کی راہنمائی فرما۔ ان لوگوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ہے۔ ان لوگوں کا نہیں؛ جن پر غضب ہوا ہے اور نہ ہی گمراہوں کا راستہ۔"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤﴾

"کہہ دیجیے کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ سب سے بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنم دیا اور نہ ہی اسے کسی نے جنم دیا۔ اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر اور برابر ہے۔"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝٣ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝٤ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥﴾

"کہہ دیجیے میں مخلوق کے رب کی پناہ پکڑتا ہوں۔ اس چیز کے شر سے جو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔"

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾

"کہہ دیجیے میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو ہٹ ہٹ کر آنے والا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔"

## رکوع کی دعائیں

① سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ۔ (تین مرتبہ) (سنن ابی داود: 886)

"میرا رب عظیم نہایت پاک ہے۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



② سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي۔

"اے اللہ! اے ہمارے رب! تو اپنی تعریف کے ساتھ نہایت پاک ہے۔اے اللہ! میری مغفرت فرما۔" (صحیح بخاری: 794)

## رکوع سے سر اٹھانے کے بعد دعائیں

① سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ۔ (صحيح البخارى: 795)

"اللہ تعالیٰ نے اس کو سن لیا جس نے اس کی تعریف بیان کی۔"

② رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ۔

"اے ہمارے رب! تمام تعریفات تیرے لیے ہیں، بہت زیادہ تعریفیں، پاکیزہ اور بابرکت۔"

## سجدے کی دعائیں

① سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى۔ (تین مرتبہ) (سنن ابوداود: 886)

"میرا رب نہایت پاک ہے، سب سے بلند۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



② سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي۔

(صحیح البخاری: 794 ۔ صحیح مسلم: 484)

”اے اللہ! اے ہمارے رب! تو اپنی تعریف کے ساتھ نہایت پاک ہے۔ اے اللہ! میری مغفرت فرما۔“

## دو سجدوں کے درمیان کی دعائیں

① رَبِّ اغْفِرْلِي، رَبِّ اغْفِرْلِي۔ (سنن أبی داود: 874)

”اے میرے رب! مجھے بخش دے، اے میرے رب! مجھے بخش دے۔“

## تشہد کی دعا

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ (صحیح البخاری: 1202)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



”تمام طرح کی قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں۔ اے نبی! آپ پر سلامتی ہو، اللہ کی رحمت اور برکات ہوں، ہم پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ محمد (ﷺ) اس کے بندے اور رسول ہیں۔“

## درود شریف

تشہد کے بعد نبی کریم ﷺ پر درود پڑھیں:

① اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ.

(صحيح البخاري: 3370)

”اے اللہ! محمد (ﷺ) اور آلِ محمد پر رحمتیں نازل فرما، جس طرح تو

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



نے ابراہیم (علیہ السلام) اور آلِ ابراہیم پر رحمتوں کا نزول فرمایا ہے، یقیناً تو ہی تعریف اور بزرگی کے لائق ہے۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آلِ محمد پر برکات نازل فرما، جس طرح تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور آلِ ابراہیم پر برکات کا نزول فرمایا ہے، یقیناً تو ہی تعریف اور بزرگی کے لائق ہے۔"

## سلام پھیرنے سے پہلے کی دعائیں

① اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ. (صحيح البخاری: 832)

"اے اللہ! بلاشبہ میں عذابِ قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں، زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے اللہ! میں گناہ اور قرض سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



② اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ، فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔ (بخاری: 834)

”اے اللہ! یقیناً میں نے اپنے آپ پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور گناہوں کو تیرے سوا کوئی نہیں بخش سکتا، لہٰذا تو مجھے اپنی جناب سے خاص مغفرت کے ساتھ بخش دے اور مجھ پر رحم فرما، یقیناً تو بہت بخشنے والا، بڑا رحم فرمانے والا ہے۔“

③ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔ (سنن أبی داود: 1522)

”اے اللہ! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذِکر و شکر اور تیری اچھی طرح عبادت کرسکوں۔“

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# نماز سے سلام پھیرنے کے بعد اذکار

① اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ (صحیح البخاری: 842)

''اللہ سب سے بڑا ہے۔''

② اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ (مسلم: 591)

''میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں، میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں، میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔''

③ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ (صحیح مسلم: 591)

''اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی (کی توقع) ہے، اے جلال وعزت والے! تو بڑا بابرکت ہے۔''

④ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مِنْكَ الْجَدُّ۔

''اللہ کے سوا کوئی معبودِ نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! جو تو عطا کر دے؛ اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے تو روک لے؛ اسے کوئی عطا نہیں کر سکتا، اور کسی شان و مقام والے کی شان و مقام تجھ سے بچانے میں (اسے) چنداں فائدہ نہیں دے سکتی۔''

⑤ رسول اللہ ﷺ ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، 33 مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور ایک مرتبہ:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (ایک مرتبہ)

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفات ہیں اور وہ ہر چیز پر کامل

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



قدرت رکھنے والا ہے۔“

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ کلمات پڑھتا ہے تو اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی ہوں۔

(صحیح مسلم:597)

⑥ ہر نماز کے بعد آخری تینوں سورتیں پڑھیں۔

## آیۃ الکرسی

﴿ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ ﴾

”اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ ہمیشہ زندہ رہنے والی اور تھامے رکھنے والی ذات ہے، نہ تو اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، اسی کی

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



ملکیت میں ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے ہاں سفارش کر سکے؟ وہ جو ان (لوگوں) کے آگے اور پیچھے ہے سب جانتا ہے اور وہ (لوگ) اس کے علم میں سے کسی ایک شے کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر پھیلی ہوئی ہے، اسے ان دونوں (یعنی آسمان و زمین) کی حفاظت تھکاوٹ میں نہیں ڈالتی، اور وہ بلند و عظمت والا ہے۔“

## قنوتِ وتر کی دعا

① اَللّٰھُمَّ اھْدِنِی فِیمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِی فِیمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِی فِیمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِكْ لِی فِیمَا اَعْطَیْتَ وَقِنِی شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِی وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ اِنَّهُ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ (وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ) تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ۔ (سنن أبی داود: 1425 ۔ سنن النسائی: 1746)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



"اے اللہ! جن لوگوں کو تو نے ہدایت دی ان میں مجھے بھی (شامل کر کے) ہدایت دے اور جن کو تو نے معافی دی ہے مجھے بھی ان میں (شامل کر کے) معافی دے اور جن کی تو نے ذمہ داری لی ہے، ان میں میرا بھی ذمہ دار بن جا۔ اور جو تو نے مجھے عطا کیا ہے اس میں برکت ڈال دے، اور جو تو نے فیصلہ کر رکھا ہے اس کی تکلیف سے مجھے بچا۔ یقیناً تو ہی فیصلہ کرتا ہے اور تیرے (فیصلے کے) خلاف فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ جس سے تو دوستی لگا لے وہ ذلیل نہیں ہوتا اور جس سے تو عداوت کر لے وہ عزت نہیں پاتا۔ اے ہمارے رب! تو برکت والا بلند و بالا ہے۔"

## وِتر کے بعد کی دعا

تین بار سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ پڑھیں اور تیسری بار اُونچی آواز میں اور لمبا کرتے ہوئے پڑھیں۔ اس کے بعد ایک بار رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ پڑھیں۔ (سنن النسائی: 1699)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## سجدۂ تلاوت کی دُعا

② اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ۔ (سنن الترمذی: 579)

”اے اللہ! اس سجدے کے بدلے میں اپنے ہاں میرے لیے اجر لکھ دے، اس کے بدلے میں مجھ سے (گناہوں کا) بوجھ اتار دے، اس کو اپنے ہاں ذخیرہ بنا لے اور مجھ سے یہ سجدہ ویسے ہی قبول فرما لے جیسے تو نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے قبول کیا تھا۔“

## نماز یا قراءت میں وسوسہ آنے پر دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پڑھ کر اپنے بائیں جانب تین مرتبہ تھوکیں۔ یہ تھوک ایسی ہونی چاہیے جس میں تھوک نہ ہو بلکہ صرف ہلکے سے چھینٹے ہوں۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# صبح وشام کے اذکار

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت "آیت الکرسی" پڑھتا ہے وہ شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور جو شام کے وقت پڑھتا ہے وہ صبح تک شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ (صحیح الترغیب : 662)

② نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص آخری تین سورتیں (سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کے وقت پڑھتا ہے، یہ عمل اسے ہر چیز سے کافی ہو جاتا ہے۔

(سنن أبو داود: 5082)

③ صبح کے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَاِلَيْكَ النُّشُورُ.

"اے اللہ! ہم نے تیری ہی توفیق سے صبح کی اور تیری توفیق سے ہی شام کریں گے، تیرے نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے نام کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ساتھ ہی ہم مریں گے، اور تیری طرف ہی اُٹھ کر جانا ہے۔"

اور شام کے وقت یہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَمْسَیْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْیَا وَبِكَ نَمُوتُ وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ۔ (سنن الترمذی: 3391)

"اے اللہ! ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی اور تیری توفیق سے ہی صبح کریں گے، تیرے نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے نام کے ساتھ ہی ہم مریں گے، اور تیری طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔"

④ جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام پریشانیوں میں اس کو کافی ہو جائے گا۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ (سنن أبی داود: 5081)

"مجھے اللہ ہی کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہ عرشِ عظیم کا پروردگار ہے۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



⑤ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِينِي وَدُنْيَايَ وَاَهْلِي وَمَالِي، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَآمِنْ رَوْعَاتِي، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي، وَاَعُوذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي. (سنن أبی داود: 5074)

”اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت میں معافی اور عافیت مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دِین، دُنیا، اہلِ خانہ اور مال کے متعلق درگزر کرنے اور (ہر نقصان سے) محفوظ رکھنے کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیب چھپا دے، میرے اندیشوں اور خطرات سے مجھے امن دے۔ اے اللہ! میرے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں اور اوپر سے میری حفاظت فرما اور میں اس بات سے تیری عظمت کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں اپنے نیچے کی طرف سے ہلاک کر دیا جاؤں۔“

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



⑥ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے تو اسے شام تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور جو شخص شام کے وقت تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے تو صبح تک وہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔ (سنن أبی داود: 5088)

"اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کہ جس کے نام سے کوئی بھی چیز، چاہے وہ زمین میں ہو یا آسمان میں؛ نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ سننے والا علم رکھنے والا ہے۔"

⑦ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح و شام تین تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہو جاتا ہے کہ روزِ قیامت اس کو راضی کرے:

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا ۔ (مسند أحمد: 18967)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



”میں اس بات پر راضی ہوں کہ اللہ میرا رب ہے، اسلام میرا دین ہے اور محمد ﷺ میرے نبی ہیں۔“

⑧ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا (صبح کے وقت)(سنن ابن ماجه: 925)

”اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رِزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔“

⑨ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (شام کے وقت تین مرتبہ)(صحیح مسلم: 2709)

”میں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں (ہر) اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔“

⑩ رسول اللہ ﷺ نے اس دعا کو ”سید الاستغفار“ قرار دیا ہے، یعنی مغفرت مانگنے کی تمام دعاؤں کی سردار۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے یقین کے ساتھ یہ دعا دِن کے وقت پڑھی اور اسی دن شام ہونے سے پہلے فوت ہو گیا تو وہ جنتی ہے اور جس نے یقین کے ساتھ رات

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



کے وقت پڑھی، پھر صبح ہونے سے پہلے فوت ہو گیا تو وہ بھی جنتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ، فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

(صحیح البخاری: 6306)

"اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں، تیرے عہد پر ہوں اور تیرے وعدے پر ہوں جتنی مجھ میں استطاعت ہے، میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس برائی سے جو میں نے کی، میں تیرے لیے تیری ان نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی ہیں اور میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں۔ سو تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی بخشش نہیں سکتا۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## کپڑے اتارتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ. (صحيح الجامع: 3610)

''اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ۔''

## کپڑے پہننے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ كَسَانِىْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّىْ وَلَا قُوَّةٍ. (سنن أبی داود: 4023)

''تمام تعریفات اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری کوشش وقوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا۔''

## بارش مانگنے کی دعائیں

① اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا، اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا.

''اے اللہ! ہمیں بارش عطا فرما، اے اللہ! ہمیں بارش عطا فرما، اے

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



اللہ! ہمیں بارش عطا فرما۔" (صحیح بخاری:1014)

## بادل گرجنے کے وقت کی دُعا

سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلَائِکَةُ مِنْ خِیفَتِہٖ۔ (الموطأ: 2/992)

"بہت پاک ہے وہ ذات، جس کی تعریف میں بادلوں کی گرج تسبیح کرتی ہے اور جس کے ڈر سے فرشتے تسبیح کرتے ہیں۔"

## بارش برستے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا۔ (صحیح البخاری: 1032)

"اے اللہ! ایسی بارش عطا فرما جو نفع مند ہو۔"

## روزہ افطار کرنے کی دعا

ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



شَاءَ اللّٰهُ۔ (سنن أبی داود: 2357)

"پیاس چلی گئی، رگیں تر ہو گئیں اور ان شاء اللہ اجر پکا ہو گیا۔"

## کھانے سے پہلے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے۔

اگر شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو یہ پڑھ لے:

بِسْمِ اللّٰهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ۔ (سنن الترمذی: 1858)

"اس (کھانے) کے اوّل اور آخر میں اللہ کے نام کے ساتھ۔"

## دودھ پینے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔ (سنن الترمذی: 3455)

"اے اللہ! ہمارے لیے اس کھانے میں برکت فرما اور ہمیں اس سے زیادہ عطا فرما۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## کھانے کے بعد کی دعا

① اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَنِی هٰذَا وَرَزَقَنِیهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّی وَلَا قُوَّةٍ۔ (سنن أبی داود: 4023)

"تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھلایا اور میری طاقت اور قوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا۔"

## دعوت کرنے والے کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِی وَاسْقِ مَنْ سَقَانِی۔

"اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا اسے تو کھلا اور جس نے مجھے پلایا اسے تو پلا۔" (مسلم:2055)

## چھینک سے متعلق دعائیں

جب کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔''

پھر جو شخص یہ کلمات سننے والا کہے:

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

''اللہ تجھ پر رحم کرے۔''

اس کے یہ کلمات سن کر پھر چھینکنے والا یہ کلمات کہے:

يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ. (سنن أبی داود: 5038)

''اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارا حال درست کرے۔''

## غصہ آنے پر یہ دعا پڑھیں

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ. (بخاری: 6115)

''میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## مجلس سے اُٹھتے وقت کی دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ. (سنن أبی داود: 4859)

''اے اللہ! تو نہایت پاک ہے، اپنی تعریف کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں۔''

## والدین کے لیے دُعائیں

﴿رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ﴿٢٤﴾﴾ (بنی اسرائیل: 24)

''اے میرے رب! اُن دونوں پر رحم فرما جس طرح انھوں نے مجھے بچپن میں پالا۔''

﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ﴿٤١﴾﴾

(ابراھیم: 41)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



”اے ہمارے رب! بخش دینا مجھ کو اور میرے والدین کو اور تمام مومنوں کو حساب والے دن۔“

## نیکی کرنے والے کے لیے دعا

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا ۔ (سنن الترمذی: 2035)

”اللہ آپ کو بہترین جزا عطا فرمائے۔“

مالی تعاون کرنے والے کو یہ دعا دیں:

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ ۔ (بخاری: 3780)

”اللہ تعالیٰ تمہارے اہل ومال میں برکت عطا فرمائے۔“

## سفر کی دعا

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ. سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ، وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



مَا تَرْضٰی، اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَہٗ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیفَۃُ فِی الْاَھْلِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ.

''اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ بہت پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کر دیا، یقیناً ہم اسے قابو میں لانے والے نہ تھے، اور بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف ہی لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی، تقویٰ اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تجھے پسند ہو۔ اے اللہ! یہ سفر ہمارے لیے آسان کر دے اور ہمارے لیے اس کی دُوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! سفر میں تو ہی ساتھی ہے اور گھر میں ہمارے پیچھے بھی تو ہی معاملات چلانے والا ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تھکان، منظر کی غمگینی اور اہل وعیال میں بری واپسی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم بلندی پر چڑھتے تو اَللّٰہُ اَکْبَر

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



کہتے اور جب ہم نشیبی جگہ پر اترتے تو سُبْحَانَ اللہ کہتے۔ (بخاری:2993)

اور جب آپ ﷺ سفر سے واپس آتے تو سفر کی دعاؤں کے ساتھ ساتھ یہ کلمات بھی کہتے:

آئِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ (مسلم: 1342)

''ہم لوٹ کر آنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے (اور) اپنے رب کی تعریف بیان کرنے والے ہیں۔''

## مرغ کی آواز سن کر پڑھیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ کا فضل مانگو کیونکہ وہ فرشتے کو دیکھتا ہے۔ یعنی یہ پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔ (بخاری: 3303)

''اے میرے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔''

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



## گدھے کی آواز سن کر پڑھیں

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (بخاری: 3303)

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔''

## غم اور فکر سے نجات کی دعا

② اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ۔ (صحیح البخاری: 2893)

''اے اللہ! یقیناً میں ہر فکر و غم سے، بے بسی اور سستی، کنجوسی اور بزدلی سے، قرض کے غلبے سے اور لوگوں کے ظلم سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

## پریشانی اور بے قراری سے نجات کی دعا

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(السنن الکبریٰ للنسائی: 10416)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



"(اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نہایت پاک ہے، یقیناً میں ہی ظالموں میں سے تھا۔"

## کسی سے خوف کے وقت دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ

"اے اللہ! تو جیسے بھی چاہے، مجھے ان سے کافی ہو جا۔"

## کوئی مشکل کام پیش آنے پر دعا

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا ۔ (صحيح ابن حبان: 2467)

"اے اللہ! کوئی بھی کام آسان نہیں ہے مگر جسے تو آسان بنا دے۔ اور تو جب چاہے مشکل کام کو آسان فرما دیتا ہے۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## مصیبت آنے پر یہ دعا پڑھیں

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِي فِي مُصِيبَتِي وَاخْلُفْ لِي خَيْرًا مِنْهَا۔ (صحيح مسلم: 918)

”یقیناً ہم اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! میری اس مصیبت میں مجھے اجر سے نواز اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر عطا فرما۔“

## بچوں کو نظر بد سے بچانے کی دعا

جب کوئی شخص اپنی ذاتی یا اپنے کسی مسلمان بھائی کی ایسی چیز دیکھے جو اس کو اچھی لگے تو اس کو چاہیے کہ برکت کی دعا کر دے، کیونکہ نظر کا لگ جانا حق ہے۔ (مسند احمد: 15700)

رسول اللہ ﷺ اپنے پیارے نواسوں؛ سیدنا حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات کے ساتھ اللہ کی پناہ میں دیا کرتے تھے:

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



أُعِيذُكَ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (سنن أبي داود: 4737)

”میں تم دونوں کو اللہ کے کامل کلمات کی پناہ میں دیتا ہوں کہ ہر شیطان، ہر موذی چیز اور ہر نظر بد سے محفوظ رہو۔“

## مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِي عَلٰى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا۔ (سنن الترمذي: 3431)

”تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس (مصیبت) سے بچا کر رکھا جس میں اس نے تجھے مبتلا کیا ہے اور اس نے مجھے اپنی مخلوق میں سے بہت سے لوگوں پر فضیلت عطا فرمائی۔“

## جسم میں تکلیف اور درد محسوس ہو تو کیا پڑھیں؟

جسم کے کسی حصے میں تکلیف اور درد محسوس کریں تو وہ اس جگہ پر ہاتھ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



رکھیں، پھر تین مرتبہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہ پھر سات مرتبہ پڑھیں:

أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ.

”میں اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت کی پناہ میں آتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں محسوس کرتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔“ (مسلم: 2202)

## اسماء حسنیٰ یاد کرنے کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جس شخص نے ان ناموں کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

## مریض کی عیادت کے وقت دعا

① لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. (بخاری: 3616)

”فکر کی بات نہیں، اگر اللہ نے چاہا تو ضرور بیماری سے شفاء ہوگی۔“

② أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ (سات مرتبہ) (سنن أبی داود: 3106)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



''میں عظمت والے اللہ، جو عرشِ عظیم کا رب ہے، سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا عطا فرمادے۔''

## نمازِ جنازہ کی دعائیں

① اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا. اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ. اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ.

(سنن ابن ماجه: 1498)

''اے اللہ! ہمارے زندہ ومردہ، حاضر وغیر حاضر، چھوٹے بڑے اور مرد وعورت (تمام) کی مغفرت فرمادے۔ اے اللہ! تو ہم میں سے جسے بھی زندہ رکھے اسلام پر زندہ رکھنا اور ہم میں سے جسے بھی موت دے ایمان پر موت دینا۔ اے اللہ! تو ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کرنا اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کرنا۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



② اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔ (صحیح مسلم: 963)

"اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم کر، اسے عافیت دے اور اس سے درگزر فرما، اس کی اچھی مہمانی کر، اس کی قبر کو کشادہ کر دے۔ اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر جس طرح تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے۔ اسے اس کے (دُنیوی) گھر سے بہتر گھر عنایت فرما، اس کے اہل سے بہتر اہل نصیب فرما اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی اسے عنایت فرما، اس کو جنت میں داخل فرما اور اس کو قبر کے عذاب اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


# دارالمصنفین
پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

علمی، تحقیقی و اصلاحی مطبوعات دلکش و اعلیٰ معیار کے ساتھ

ہمارے ہاں

قرآن مجید | تفاسیر | احادیث | سیرت النبی ﷺ

درس نظامی | فقہ اسلامی | تجوید و قراءت | وفاق المدارس

عربی و اردو ادب کی تمام کتب بارعایت دستیاب ہیں

مدارس کے لیے خصوصی رعایت

دارالمصنفین
اسلامک پریس

کمپوزنگ سے طباعت تک

آپ کے وقار اور معیار کے مطابق

بہترین کمپوزنگ | خوبصورت ٹائٹل | خوبصورت جلد | اعلیٰ معیار طباعت | باقاعدہ ڈسٹری بیوشن

دارالمصنفین
پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

G/F-3 بادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0308-4131740 0300-4262092
Facebook/Dar-ul-Musannifeen
darulmusannifeen@gmail.com

1234567198


” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “